پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

17/01/2022

وزیر اعلیٰ نے کورونا انفیکشن سے بچاؤ اور علاج کے بندوبست کو مسلسل مستحکم بنائے رکھنے کی ہدایت دی

کووڈ پروٹوکال پر پوری طرح عمل آوری یقینی بنائی جائے: وزیر اعلیٰ

لکھنؤ: 17 جنوری 2022

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کورونا انفیکشن کی روک تھام اور علاج کے انتظامات کو مسلسل مضبوط بنائے رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ پروٹوکال پر پوری طرح عمل یقینی بنایا جائے۔

وزیر اعلیٰ آج یہاں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ٹیم-9 کی میٹنگ میں ریاست میں کووڈ-19 کی صورتحال کا جائزہ لے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت کورونا انفیکشن سے متاثرہ بہت کم لوگوں کو اسپتال میں داخل کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ انفیکشن کم شدت کا ہے۔ اس کی علامات کو دیکھ کر مریض ہوم آئی سولیشن میں رہ کر ڈاکٹر کے مشورے سے اپنا علاج کرواسکتا ہے۔ اس سے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ انفیکشن سے بچنے کے لیے سبھی احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ویکسین کورونا کے خلاف حفاظتی ڈھال ہے۔ انہوں نے کم عمر بچوں کی ویکسی نیشن میں سست رفتاری والے اضلاع سے بات چیت کرتے ہوئے ویکسی نیشن کے کام کو مزید رفتار دینے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں اور کالجوں میں کیمپ لگا کر ویکسی نیشن کے فوری انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 23 جنوری کو مجوزہ ٹیچر اہلیت ٹیسٹ (ٹی ای ٹی) کے منظّم انعقاد کے حوالے سے ٹھوس تیاری کی جائے۔ ہر مرکز پر کووڈ پروٹوکال پر عمل آوری کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی مراکز پر ماسک، سینیٹائزر اور انفرا ریڈ تھرمامیٹر کے انتظامات کئے جائیں۔ امتحان مرکز کا تعین کرتے وقت ادارے کا ماضی کا ریکارڈ دیکھنا ضروری ہے۔ داغدار/مشکوک امیج والے اداروں کو امتحان مراکز نہ بنایا جائے۔ امتحان کی درستگی کے پیش نظر ایڈیشنل چیف سکریٹری ہوم اور اے ڈی جی لاء اینڈ آرڈر، پرنسپل سکریٹری بیسک تعلیم سمیت تمام ضلع مجسٹریٹ، بیسک تعلیم افسر اور امتحان سے متعلق دیگر افسران ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے انتظامات کی جانچ کریں۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سردی کی لہر اور کووڈ کے پیش نظر رین بسیروں میں مناسب انتظامات کئے جائیں۔ بے سہارا، اکیلے رہ رہے بزرگ، معذوروں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ پولیس، ریونیو، شہری ترقیات اور محکمہ

صحت کی ٹیمیں مناسب علاج، غذا وغیرہ کو یقینی بنائیں۔

وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ بارش اور ژالہ باری سے کچھ اضلاع میں عوام کے جانی اور مالی نقصان کا جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ راحت کمشنر کا دفتر پوری تیاری اور حساسیت کے ساتھ متاثرہ لوگوں سے رابطہ کرے اور انہیں فوری مدد فراہم کرے۔

میٹنگ میں وزیراعلیٰ کو بتایا گیا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ریاست میں کورونا انفیکشن کے 15,622 نئے کیس سامنے آئے ہیں۔ اس دوران 12,402 افراد کو کامیاب علاج کے بعد ڈسچارج کیا گیا۔ اس وقت ریاست میں کورونا کے ایکٹیو کیسوں کی تعداد 106616 ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ریاست میں 02 لاکھ 16 ہزار 152 کورونا ٹیسٹ کیے گئے۔ ریاست میں اب تک 09 کروڑ 65 لاکھ 34 ہزار 686 کووڈ ٹیسٹ مکمل ہو چکے ہیں۔

گزشتہ روز تک ریاست میں کورونا ویکسین کی 23 کروڑ 15 لاکھ 37 ہزار سے زیادہ خوراکیں دی جا چکی ہیں۔ ویکسین کی دونوں خوراکیں لے کر 08 کروڑ 72 لاکھ 52 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کووڈ سے تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ 13 کروڑ 84 لاکھ 16 ہزار سے زیادہ لوگوں کو کووڈ ویکسین کی پہلی خوراک ملی ہے۔ اس طرح، 18 سال سے زیادہ عمر کے 93.89 فیصد لوگوں کو ویکسین کی پہلی خوراک مل چکی ہے۔ گزشتہ روز تک 54 لاکھ 59 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو 15 سے 17 سال کی عمر کے نوجوانوں کی کووڈ ویکسین کا تحفظ مل چکا ہے۔ جو کہ ویکسین کی مجاز عمر کے بچوں کی آبادی کا 38.96 فیصد ہے۔ اسی طرح 04 لاکھ 9 ہزار سے زائد اہل افراد نے بھی پریکاشن ڈوز حاصل کی ہے۔

☆☆☆☆☆